# اطلاع عام

## BYCO آئل پاکستان لمیٹڈ اور BYCO ٹرمینلز پاکستان لمیٹڈ کا BYCO پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ کیساتھ اور اس میں منجملہ دیگر معاملات انضمام کیلئے اسکیم آف ارینجمنٹ

معزز عدالت عالیہ سندھ بمقام کراچی کا حکمنامہ مورخہ 30 جون 2016 کی تعمیل میں جو سول متفرق ICM نمبر 26 بابتہ 2016 ("آرڈر") کی حامل پٹیشن میں دائر کردہ سول متفرق درخواست نمبر 278 بابتہ 2016 میں جاری کیا گیا تھا Byco آئل پاکستان لمیٹڈ اور Byco ٹرمینلز پاکستان لمیٹڈ کا Byco پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کے ساتھ اور اس میں ادغام بذریعہ انضمام سے متعلق اسکیم آف ارینجمنٹ مورخہ 23 جون 2016 ("دی اسکیم آف ارینجمنٹ") منجملہ اور چیزوں کے کی منظوری حاصل کرنے کے مقصد کیلئے اور بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے۔

**اس نوٹس کا مقصد مندرجہ ذیل ہے:**

(i) مطلع کرنا کہ حکمنامہ کی تعمیل میں کمپنی کے ممبران کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز پیر 29 اگست 2016 کو صبح 09:30 بجے بمقام بیچ لگژری ہوٹل کراچی میں درج ذیل امور نمٹانے کیلئے منعقد ہوگا۔

a) معمولی امور:

مورخہ 26 جولائی 2016 کو منعقدہ کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی تصدیق کرنا:

b) خصوصی امور:

غور کرنا اور موزوں پائے جانے پر، بشمول اطلاق قوانین کی مطابقت سے، درج ذیل قرارداد کو مع یا بلا ترمیمات منظور کر کے اسکیم آف ارینجمنٹ کو اختیار کرنا اور اس سے اتفاق کرنا:

"قرار پایا کہ Byco آئل پاکستان لمیٹڈ اور Byco ٹرمینلز پاکستان لمیٹڈ کا Byco پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") کے ساتھ اور اس میں ادغام بذریعہ انضمام سے متعلق اسکیم آف ارینجمنٹ مورخہ 23 جون 2016 ("دی اسکیم آف ارینجمنٹ") منجملہ اور چیزوں کے مع مطلوبہ ترمیمات / ترمیمات یا کمپنیز آرڈیننس 1984 کے مندرجات کے حوالے سے معزز عدالت عالیہ سندھ کراچی کی منظوری سے مشروط، معزز عدالت عالیہ سندھ کراچی کی عائد کردہ شرائط کی منظوری دی جائے اور اسے اختیار کیا جائے اور اسکی منظوری دی جاتی اور اسے اختیار کیا جاتا ہے۔"

c) دیگر امور

صدر مجلس کی اجازت سے اجلاس کے سامنے پیش کئے جانے والے کوئی اور دیگر امور انجام دینا:

(ii) مطلع کرنا کہ حکمنامہ کی تعمیل میں کمپنی کے محفوظ قرض خواہوں کا ایک اجلاس بروز جمعہ 26 اگست 2016 صبح 10:30 بجے بمقام بیچ لگژری ہوٹل کراچی میں منعقد ہوگا جس میں اسکیم آف ارینجمنٹ پر غور کیا جائے اور اگر موزوں پائی جائے تو اس سے اتفاق کیا جائے اور اسے اختیار کیا جائے گا۔

اسکیم آف ارینجمنٹ کی ایک کاپی دفتر کمپنی سیکریٹری واقع بمقام 10 ویں منزل، ڈولمین سٹی، HC-3، بلاک 4، میرین ڈرائیو کلفٹن کراچی سے دوران معمولی دفتری اوقات مذکورہ بالا اجلاس سے قبل ممبران، محفوظ قرض خواہوں اور دیگر اشخاص جو اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے اہل قرار پائیں گے کی جانب سے درخواست دینے پر بلا قیمت حاصل کی جا سکتی ہے۔

اسکیم آف ارینجمنٹ عدالت کی بعد ازاں منظوری سے مشروط ہوگی۔

حسب الحکم بورڈ

ماجد مقتدر
**کمپنی سیکریٹری**
Byco پیٹرولیم پاکستان لمیٹڈ
کراچی: 05 اگست 2016

**نوٹ:**

**کھاتوں کی بندش:**

ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز پیر 22 اگست 2016ء سے بروز پیر 29 اگست 2016 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔

**غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت**

صرف وہ ممبران جن کے نام کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں جمعہ 19 اگست 2016 تک شامل ہوں گے، اجلاس میں حاضر ہونے اور شرکت کرنے کے حقدار ہوں گے۔ شرکت کرنے کا حقدار ممبر اپنی نمائندگی کیلئے اجلاس میں حاضر ہونے اور شرکت کرنے کی غرض سے کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیاں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک پہنچ جانی چاہئیں۔

**CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کیلئے ہدایات:**

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی متعین کردہ درج ذیل گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا:

A۔ برائے شرکت اجلاس:

(a) افراد اور کو اکاؤنٹ ہولڈر(ز) یا سب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ہونا چاہئے اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہونی چاہئیں اور انہیں اجلاس کے وقت اوریجنل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرنی چاہئے۔

(b) اجلاس کے وقت کارپوریٹ اداروں کو نامزد کردہ کے نمونہ دستخط کے حامل بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بوقت اجلاس پیش کرنا ہوگے۔

B۔ برائے تقرر پراکسیز:

(a) افراد اور کو اکاؤنٹ ہولڈر(ز) یا سب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ہونا چاہئے اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہونی چاہئیں اور ان کے پراکسی فارم اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک کمپنی کے رجسٹرار دفتر میں پہنچ جانے چاہئیں۔

(b) لازم ہے کہ پراکسی فارم کی تصدیق دو افراد کریں جن کے نام، پتے اور CNIC نمبران میں درج کئے گئے ہوں۔

(c) بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی کے فارم کے ساتھ پیش کی جائیں۔

(d) پراکسی پر لازم ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اوریجنل CNIC یا پاسپورٹ پیش کریں۔

(e) اجلاس کے وقت کارپوریٹ اداروں کے نامزد کردہ کے نمونہ دستخط کے حامل بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بوقت اجلاس پیش کرنا ہوگے۔

C۔ پتے کی تبدیلی

شیئر سرٹیفکیٹس کے حامل ممبران کو اپنے رجسٹرڈ پتوں میں تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8F، بلاک 6، PECHS، نزد نرسری متصل ہوٹل فاران، شاہراہ فیصل کراچی کو مطلع کرنا چاہئے۔ CDC / شراکتی اکاؤنٹس میں شیئرز کے حاملین سے بھی درخواست ہے کہ وہ CDC یا اپنے شراکت داروں / اسٹاک بروکرز کو اپنے پتوں میں تبدیلی سے مطلع کریں۔

D۔ برائے محفوظ قرض خواہان:

محفوظ قرض خواہان جنہوں نے اسکیم آف ارینجمنٹ کے حوالے سے مجوزہ ادغام / انضمام کے ضمن میں اپنا [illegible] سرٹیفکیٹ فراہم کر دیا ہے، اپنے نمائندے کو اس محفوظ قرض خواہان کے اجلاس میں شرکت کی غرض سے اسکی ایک نقل جمع کروانے کیلئے بھیج سکتے ہیں۔ اجلاس میں شرکت کرنے والے کمپنی کے محفوظ قرض خواہان کے بااختیار نمائندوں کو لیٹر آف اتھارٹی / پاور آف اٹارنی پیش کرنا ہوگے۔

### خصوصی کارروائی سے متعلق کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 160(1)(b) کے تحت اسٹیٹمنٹ

کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں انجام دی جانے والی خصوصی کارروائی سے متعلق مادی حقائق سے متعلق اسٹیٹمنٹ بشمول کمپنی کے ڈائریکٹران کی نوعیت اور مفادات بالضمن اسکیم آف ارینجمنٹ مع دیگر حقیقی معلومات کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کا حقدار کوئی بھی شخص درخواست دینے پر کمپنی سیکریٹری کے دفتر واقع 10 ویں منزل، ڈولمین سٹی، HC-3، بلاک 4، میرین ڈرائیو کلفٹن کراچی سے بلا قیمت دوران معمولی دفتری اوقات حاصل کر سکتا ہے۔

مذکورہ بالا اسٹیٹمنٹ ہمراہ نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام متعلقہ کمپنیوں کے ممبران کو بھیجے جا چکے ہیں۔

### خصوصی کارروائی سے متعلق کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 286 کے تحت اسٹیٹمنٹ

اسٹیٹمنٹ جس میں اسکیم آف ارینجمنٹ کی شرائط اور اسکے اثرات کی وضاحتیں بشمول کمپنی کے ڈائریکٹران کے مفادات اور ان مفادات کے اثرات مع دیگر حقیقی معلومات کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کا حقدار کوئی بھی شخص درخواست دینے پر کمپنی سیکریٹری کے دفتر سے بلا قیمت دوران معمولی دفتری اوقات حاصل کر سکتا ہے۔

مذکورہ بالا اسٹیٹمنٹ ہمراہ نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام متعلقہ کمپنیوں کے ممبران کو بھیجے جا چکے ہیں اور محفوظ قرض خواہان کے غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ہمراہ کمپنی کے محفوظ قرض خواہان کو بھی بھیجے جا چکے ہیں۔

MTC
**MOHSIN TAYEBALY & CO.**
Corporate Legal Consultants | Barristers & Advocates
High Courts & Supreme Court
1st Floor, Dime Centre, BC-4, Block-9
Clifton, Karachi-75600
☎: (92-21) 111-MTC-LAW (111-682-529) – Fax # 35870240
E-mail: contact@mtclaw.com.pk